© rasailojaraid.com

# تعارف و تبصرہ

## کتاب الفقه علی المذاهب الاربعه

مصنف : عبدالرحمن الجزیری

مترجم : منظور احسن عباسی

ناشر : شعبه مطبوعات محکمه اوقاف پنجاب، لاهور

صفحات : ۴۹۳

قیمت : ۴۰ روپے

اختلاف الفقهاء کے نام سے مذاهب اربعه پر کتابیں لکھنے کا رواج تیسری صدی هجری سے چلا آرها هے۔ امام طبری، طحاوی، ابن رشد، محمد بن عبدالرحمن دمشقی کی تصانیف اس موضوع پر معروف هیں ۔ امام طبری اختلافی مسائل کے علاوه کہیں کہیں اجماعی مسائل کا بھی ذکر کرتے هیں ۔ تاهم عبدالرحمن الجزیری (متوفی ۱۳۶۰ھ) کی شهره آفاق کتاب الفقه علی المذاهب الاربعة اپنے موضوع پر ایک اهم اور جامع کتاب هے ۔ مصنف نے اس میں نهایت تفصیل سے مختلف فقهی موضوعات پر ائمه اربعه کا مسلک اور دلائل بیان کئے هیں ۔

اصل کتاب میں بظاهر یه خامی نظر آتی هے که مصنف ائمه اربعه کا مسلک اور دلائل بیان کرتے هوئے اصل مآخذ کا حواله نهیں دیتے۔ اس لحاظ سے اس کتاب کی حیثیت فقه اسلامی میں ثانوی ماخذ کی هے ۔

محکمه اوقاف پنجاب نے اس کتاب کا اردو ترجمه شائع کرکے اردو زبان کے فقهی ادب میں ایک قابل قدر اضافه کیا هے ۔ اس سے قبل اس کی دو جلدوں کا ترجمه شائع کیا جا چکا هے ۔ اور یه تیسری جلد همارے سامنے هے ۔

© rasailojaraid.com